**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XII**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Islamiyat**

**Time: 1 hour 20 minutes Marks: 40**

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

7۔ اِس پرچے میں موجود 40 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) کو کُل 50 نمبر کے متساوی کر کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر اِس کے مطابق تسلیم کیے جائیں گے۔

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

1۔ قرآنِ مجید کے مختلف صفاتی ناموں میں سے ایک نام 'البرھان' ہے جو واضح کرتا ہے

A۔ ہدایت کو۔

B۔ دلالت کو۔

C۔ شفاعت کو۔

D۔ وضاحت کو۔

2۔ قرآنِ مجید کی موجودہ ترتیب 'توقیفی' ہے، جس سے مراد یہ ہے کہ اس کی تمام سورتوں کی ترتیب

A۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

B۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے ہے۔

C۔ حضرت ابو بکر صدّیقؓ کی طرف سے ہے۔

D۔ حضرت عثمان غنیؓ کی طرف سے ہے۔

3۔ تدوینِ قرآن کے موقع پر حضرت ابو بکر صدّیقؓ نے یہ اعلان کرایا کہ جس کے پاس ایک یا ایک سے زائد آیات ہیں وہ ہمارے پاس لے آئے اور اپنے ساتھ

A۔ ایک گواہ بھی لائے۔

B۔ ایک کاتب بھی لائے۔

C۔ ایک قاری بھی لائے۔

D۔ ایک حافظِ قرآن بھی لائے۔

4۔ قرآنِ مجید کا نزول تقریباً 23 سال کے عرصے میں مکمل ہوا۔ بتایئے پہلی وحی کا نزول کس پہاڑ پر ہوا؟

A۔ کوہِ ثور

B۔ کوہِ طور

C۔ کوہِ زیتون

D۔ کوہِ فاران

5۔ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔ (الحشر: 07)

درج بالا آیت میں لفظ 'فَخُذُوْهُ' سے کیا مراد ہے؟

A۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم ماننا
B۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت پر ایمان لانا
C۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحابہؓ کا سوال کرنا
D۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کسی معاملے میں خاموشی اختیار فرمانا

6۔ کامیاب معاشرے کی بنیاد اتحاد و یک جہتی پر ہے۔ بتایئے کون سی آیت باہمی اتحاد و اتفاق کی طرف اشارہ کر رہی ہے؟

A۔ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ۔ (النحل: 90)
B۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔ (آلِ عمران 103)
C۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔ (الاحزاب:21)
D۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا۔ (الاحزاب: 70)

7۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ۔ (البقرة: 183)

درج بالا آیت میں لفظ 'كُتِبَ' صوم سے متعلق کس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

A۔ تکمیل
B۔ اہمیت
C۔ تاریخ
D۔ فرضیت

Annual Ex ions 2022 only
Teaching &

8۔ درج ذیل میں سے کس آیت کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی محبوب ترین چیزیں خرچ کرنے کو نیکی کا کمال کہا ہے؟

A۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ۔ (النحل:90)

B۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔ (آلِ عمران: 92)

C۔ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔ (الحشر: 07)

D۔ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى۔ (الانعام:164)

9۔ قرآن کی حفاظت کے پیشِ نظر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ میں سے 'مدینہ' میں کس صحابی کے مکان کو بہ طورِ 'مدرسۂ قرآن مجید' کی حیثیت دی تھی؟

A۔ حضرت ایوب انصاریؓ

B۔ حضرت مخرمہ بن نوفلؓ

C۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

D۔ حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ

10۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ۔ (النحل: 90)

دی گئی آیت کو کس ہستی نے اس کی اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے خطبۂ جمعہ کے آخر میں شامل کیا تھا؟

A۔ حضرت ابو بکر صدّیقؓ

B۔ حضرت عمر فاروقؓ

C۔ حضرت زید بن ثابتؓ

D۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ

11۔ بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ۔ (حدیث: 02)

دی گئی حدیث میں لفظ 'لِاُتَمِّمَ' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ تاکہ میں تدبیر کروں

B۔ تاکہ میں تخلیق کروں

C۔ تاکہ میں تکمیل کروں

D۔ تاکہ میں تشریح کروں

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

12۔ ''ہم نے آپ پر ذکر نازل کیا تاکہ لوگوں کے لیے اس چیز کی وضاحت کریں جو اُن کی طرف نازل کی گئی ہے۔''

(النحل: 44)

دی گئی آیت (ترجمہ) میں خط کشیدہ الفاظ شریعت کے کس **ماخذ** کی طرف اشارہ کر رہے ہیں؟

A۔ حدیث

B۔ اجماع

C۔ قیاس

D۔ اجتہاد

13۔ حدیث کی مشہور کتاب 'سنن ابن ماجہ'، کس کی تالیف ہے؟

A۔ ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ

B۔ ابو عبد اللہ محمد بن یزید

C۔ ابو عبد الرحمٰن احمد بن علی

D۔ ابو داؤد سلیمان بن اشعث

14۔ تدوینِ حدیث کے کس دور میں احادیث کی معروف کتب 'صحاح ستہ' اور 'اصول اربعہ' مدون ہوئیں؟

A۔ پہلا دور

B۔ دوسرا دور

C۔ تیسرا دور

D۔ چوتھا دور

15۔ مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ۔

(حدیث:08)

دی گئی حدیث معاشرے کے کس اہم پہلو کی جانب اشارہ کر رہی ہے؟

A۔ بھائی چارہ

B۔ میانہ روی

C۔ حرمتِ مال

D۔ حسنِ سلوک

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

16۔ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ۔ (حدیث:07)

درج بالا حدیث میں مسلمانوں سے متعلق لفظ 'عِرْضُهُ' کیا واضح کرتا ہے؟

A۔ مال

B۔ جان

C۔ ایمان

D۔ عزت

17۔ درج ذیل میں سے کون سی دو احادیث معاشرے میں امن و امان کے حوالے سے ہیں؟

I۔ اَلصِّدْقُ يُنْجِيْ وَالْكِذْبُ يُهْلِكُ۔

II۔ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَّا نَوَى۔

III۔ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

IV۔ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ۔

A۔ I اور III

B۔ I اور IV

C۔ II اور III

D۔ III اور IV

18۔ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔ (حدیث:04)

دی گئی حدیث کی 'مرکزی تعلیم' کیا ہے؟

A۔ باہمی محبت

B۔ میانہ روی

C۔ کسبِ حلال

D۔ حرمتِ مال

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning only

19۔

- بارش برسانا
- رزق کی فراہمی
- اللہ تعالیٰ کا پیغام لانا

دیے گئے فرائض کن دو فرشتوں سے متعلق ہیں؟

A۔ حضرت میکائیلؑ و حضرت جبرائیلؑ
B۔ حضرت میکائیلؑ و حضرت عزرائیلؑ
C۔ حضرت اسرافیلؑ و حضرت جبرائیلؑ
D۔ حضرت عزرائیلؑ و حضرت جبرائیلؑ

20۔ شرک کی ایک قسم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی شخص کو قادرِ مطلق، خالق اور رازق ماننا۔

دیا گیا بیان شرک کی کون سی قسم کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

A۔ شرک فی العبادۃ
B۔ شرک فی الصفات
C۔ شرک فی الذات
D۔ صفات کے تقاضوں میں شرک

21۔ جب انسان کا توحید پر پختہ یقین ہو جاتا ہے تو وہ اپنے جیسے انسانوں، پتھروں کی مورتیوں اور بتوں یا مخلوق میں سے کسی کے سامنے سر جھکانا شرفِ انسانیت کی توہین سمجھتا ہے۔

دیا گیا بیان توحید کے انسانی زندگی پر پڑنے والے کس اثر کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

A۔ صبر و تحمل
B۔ عزتِ نفس
C۔ خشیتِ الٰہی
D۔ وُسعتِ نظری

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

۔22

- خواب
- حضرت جبرائیلؑ
- براہِ راست خطاب

دی گئی معلومات انبیا کے کس وصف کی طرف اشارہ کر رہی ہیں؟

A۔ وہبیۃ
B۔ عمومیت
C۔ جامعیت
D۔ نزولِ وحی

۔23 صوم کا اصل مقصد انسانی خواہشات کو احکام الٰہی کے تابع بنا کر اسے متقی بنانا ہے۔

دیا گیا بیان صوم کے انسانی زندگی پر پڑنے والے کس روحانی اثر سے تعلق رکھتا ہے؟

A۔ ضبطِ نفس
B۔ جذبۂ اخوت
C۔ جذبۂ ہم دردی
D۔ احساسِ بندگی

۔24 حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن لوگوں کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی تھی کہ "اُن کے حقوق کی حفاظت کرنا میرا سب سے اہم فریضہ ہے"؟

A۔ یتامیٰ
B۔ خواتین
C۔ والدین
D۔ غیر مسلم

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

25۔ درج ذیل میں سے کن لوگوں کو زکوٰۃ **نہیں** دی جا سکتی؟

I۔ ماں اور باپ
II۔ شوہر اور بیوی
III۔ فقراء اور مساکین
IV۔ غارمین اور عاملین

A۔ I اور II
B۔ I اور IV
C۔ II اور IV
D۔ III اور IV

26۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ کس کو قرار دیا ہے؟

A۔ رشوت لینا
B۔ نماز ادا نہ کرنا
C۔ بلاعُذر روزہ چھوڑنا
D۔ والدین کی نافرمانی کرنا

27۔ جس شخص کے پاس دنیاوی وسائل موجود ہوں اور کوئی شرعی عُذر بھی نہ ہو مگر پھر بھی وہ حج نہ کرے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس شخص کی موت کو کن دو مذاہب کے لوگوں میں شامل کیا ہے؟

A۔ صابی و مجوسی
B۔ یہودی و صابی
C۔ نصرانی و مجوسی
D۔ یہودی و نصرانی

28۔ آخرت پر ایمان کے نتیجے میں بندۂ مومن کوئی قدم اٹھانے سے پہلے بار بار اس لیے سوچتا ہے کیوں کہ اس کے دل میں

A۔ احساسِ جواب دہی ہے۔
B۔ عاجزی و انکساری ہے۔
C۔ وُسعتِ نظری ہے۔
D۔ صبر و استقلال ہے۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

29۔ نہ سورج کی مجال ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ ہی رات دن سے پہلے آسکتی ہے، ہر ایک آسمان میں تیرتا پھرتا ہے۔ (یٰسٓ: 40)

دی گئی آیت میں کون سی دلیل وجودِ باری تعالیٰ سے متعلق ہے؟

A۔ چاند کی روشنی
B۔ سورج کی تپش
C۔ آسمان کی بلندی
D۔ کائنات کا نظم و ضبط

30۔ صلوٰۃ اور ادائیگیِ حج میں کون سی خصوصیت مشترک ہے؟

A۔ برداشت
B۔ طویل سفر
C۔ مالی عبادت
D۔ اتحاد بین المسلمین

31۔ الہامی کتب کی مشترکہ تعلیمات کیا ہیں؟

A۔ تشریعی امور اور عبادات
B۔ اصولِ دین اور اخلاقیات
C۔ تشریعی امور اور اخلاقیات
D۔ اصولِ دین اور تشریعی امور

32۔ تبلیغ کے ابتدائی ایام میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قریشِ مکہ نے جسمانی تکالیف دیں، لیکن اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے تبلیغی مشن کو لے کر آگے بڑھتے گئے۔

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان حالات میں کن چیزوں کا مظاہرہ کیا؟

A۔ صبر و صلوٰۃ
B۔ عفو و درگزر
C۔ صبر و استقلال
D۔ عدل و انصاف

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

33۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان 'ایثار' کے حوالے سے **درست** ہے؟

A۔ عمر ہر سال لوگوں میں صدقات و خیرات کرتا ہے۔
B۔ زید دیانت داری سے لوگوں میں زکوٰۃ تقسیم کرتا ہے۔
C۔ حامد اپنی ضروریات کے باوجود لوگوں کی مدد کرتا ہے۔
D۔ بکر فلاحی ادارے کے ذریعے لوگوں میں کپڑے تقسیم کرتا ہے۔

34۔ ارکانِ حج سے متعلق دی گئی تصویر کس مقام سے تعلق رکھتی ہے؟



A۔ منیٰ
B۔ مزدلفہ
C۔ عرفات
D۔ صفاومروہ

35۔

- شاعر
- تمغۂ امتیاز
- سورۃ الرحمٰن

دی گئی معلومات کس شخصیت سے متعلق ہیں؟

A۔ گل جی
B۔ صادقین
C۔ یوسف دہلوی
D۔ ایم ایف حسین

Annual Examination 2022 for Teaching & Learning Only

36۔ ضروریاتِ زندگی کی ہر آسائش سے آراستہ ایک ایسی رہائش گاہ جو عموماً بادشاہوں کے لیے تعمیر کی جاتی ہے۔

درج بالا بیان کس عمارت کی طرف اشارہ ہے؟

A۔ قصر
B۔ قلعہ
C۔ خان قاہ
D۔ سرائے

37۔ خطِ 'دیوانی جلی' کو سب سے زیادہ فروغ کس دورِ خلافت میں ملا؟

A۔ بنو امیہ
B۔ بنو عباس
C۔ فاطمین
D۔ عثمانی ترک

38۔ درج ذیل تصویر میں مسلمانوں کی فنِ تعمیر اور نقش و نگاری کا جو نمونہ دیا گیا ہے وہ کیا کہلاتا ہے؟



A۔ خطاطی
B۔ مقرنس
C۔ میناکاری
D۔ بارہ دری

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

39۔ گل جی ایک مشہور نام ہے، بتایئے اُنھوں نے کس شعبے میں **نمایاں** خدمات سر انجام دی ہیں؟

A۔ فنِ تعمیر

B۔ فنِ جرّاحی

C۔ فنِ خطاطی

D۔ فنِ موسیقی

40۔ نماز کا وقت ہو گیا ہے اور آپ کسی مسجد کی تلاش میں ہیں تو ایسی کون سی شے ہے جو دیگر عمارتوں کے مقابلے میں ایک مسجد کو نمایاں کرتی ہے؟

A۔ فوارہ

B۔ پختہ صحن

C۔ گنبد و مینار

D۔ نقش و نگار

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only